15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (PAPR)
15/10/25
DG (SW&BM)

THE DAILY JANG LAHORE
روزنامہ جنگ لاہور
رجسٹرڈ سی پی ایل 140 فون 36367480 تا 83
بانی ..... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 10 قیمت 35 روپے
جلد 46 | بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ 15 اکتوبر 2025ء یکم کاتک 2082ب | شمارہ 361

# سیلاب: آزمائش و بحالی کی داستان



سہیل شوکت بٹ
☆☆☆

مون سون 2025ء پنجاب کیلئے کسی قیامتِ صغریٰ سے کم نہ تھا۔ دریاؤں کی طغیانی، بے قابو بارشوں، پشتے ٹوٹنے اور نکاسی آب کے نظام کی تباہی نے زرعی معیشت، انسانی زندگی اور صوبائی ڈھانچے کو ہلا کر رکھ دیا۔ لاکھوں لوگ بے گھر ہوئے، فصلیں تباہ ہوئیں، ہزاروں بستیاں صفحۂ ہستی سے مٹ گئیں لیکن اس تباہی کے مناظر کیساتھ ایک اور منظر بھی تھا عوام کے دکھ میں شریک ہوتی حکومت، بے سہاروں کے درمیان کھڑی قیادت اور خدمت و ایثار کی ایک اجتماعی تحریک جس نے پنجاب کو مایوسی سے امید کی جانب بڑھایا۔ سرکاری اور بین الاقوامی اداروں کی رپورٹس کے مطابق 2025ء کے سیلاب نے صرف پنجاب میں تقریباً 25 لاکھ ایکڑ زرعی زمین کو متاثر کیا جس میں سے کم از کم 13 لاکھ ایکڑ مکمل طور پر زیرِ آب آ گئی۔ نارووال، سیالکوٹ، قصور اور ملحقہ اضلاع میں تباہی مچاتے ہوئے دریاؤں نے جنوبی پنجاب کے اضلاع ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان، لیہ، بھکر اور راجن پور کو سب سے زیادہ متاثر کیا۔ پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) کے مطابق صوبے میں 22 لاکھ سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ متاثرہ علاقوں میں فصلیں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں، سینکڑوں اسکول، مراکزِ صحت اور پل بہہ گئے جبکہ تقریباً 36 ہزار دیہات مکمل یا جزوی طور پر زیرِ آب آئے۔ اس بحران کے ابتدائی لمحات سے ہی حکومتِ پنجاب نے وہ تیزی اور عزم دکھایا جسکی مثال ماضی میں کم ہی ملتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ذاتی طور پر ریلیف آپریشن کی نگرانی کی۔ وہ صرف دارالحکومت میں بیٹھ کر ہدایات نہ دیتی رہیں بلکہ متاثرہ علاقوں میں خود پہنچیں، خیموں میں جا کر عوام کے دکھ سنے۔ ان کی موجودگی نے نہ صرف متاثرین کے دلوں میں امید جگائی بلکہ سرکاری اداروں کو بھی متحرک کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کا یہ کہنا تاریخی حیثیت رکھتا ہے کہ یہ صرف حکومت اور عوام کا رشتہ نہیں، یہ ماں اور بیٹے کا تعلق ہے، پنجاب کے عوام کا دکھ میرا ذاتی دکھ ہے۔ ان کی قیادت میں صوبائی حکومت نے سینکڑوں ریلیف کیمپس اور میڈیکل کیمپس قائم کیے جہاں ہزاروں متاثرین کو پناہ، خوراک، پانی اور طبی امداد فراہم کی گئی۔ ریسکیو 1122، پی ڈی ایم اے، محکمہ صحت پنجاب، ضلعی انتظامیہ اور پاکستان آرمی نے مشترکہ طور پر بڑے پیمانے پر امدادی کارروائیاں انجام دیں۔ سینکڑوں ٹیموں نے کشتیوں کے ذریعے پانی میں پھنسے لوگوں کو نکالا جبکہ فضائی آپریشنز کے ذریعے خوراک اور ادویات پہنچائی گئیں۔ یہ سیلاب صرف سرکاری مشینری کا امتحان نہیں تھا بلکہ سیاسی قیادت کے عزم کا بھی امتحان تھا اور پنجاب کی کابینہ نے یہ امتحان شاندار انداز میں پاس کیا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کئی راتیں متاثرین کے ساتھ خیموں میں گزاریں اور تعلیم بحالی پروگرام کے لیے خصوصی اقدامات کیے۔ وزیر صحت خواجہ عمران نذیر اور وزیر برائے اسپیشلائزڈ ہیلتھ خواجہ سلمان رفیق نے میڈیکل ٹیموں کے ساتھ مل کر ہزاروں مریضوں کا علاج یقینی بنایا۔ وزیر ماحولیات مریم اورنگزیب نے وبائی امراض کی روک تھام کیلئے صفائی مہمات کی براہ راست نگرانی کی۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کئی کئی دن اپنے گھروں کو واپس نہیں دیکھا اور عوام کے ساتھ مٹی اور پانی میں کھڑے رہے۔

اس بحران میں حکومتِ پنجاب کے ساتھ سماجی اداروں نے بھی شاندار کردار ادا کیا۔ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے لاکھوں شہریوں کو ان کے گھروں تک امداد پہنچائی، راشن فراہم کیا اور عارضی رہائش گاہیں قائم کیں۔ محکمہ نے ریسکیو 1122، ضلعی حکومتوں، پی ڈی ایم اے اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر فوری ریلیف آپریشن میں حصہ لیتے ہوئے ہزاروں افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا، سینکڑوں ریلیف کیمپس قائم کیے۔ خواتین، بچوں، بزرگوں اور معذور افراد کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ دو لاکھ سے زائد خاندانوں کو ماہانہ راشن پیکیج دیے گئے۔ مالی امداد کے طور پر ہزاروں خاندانوں کو دس سے پچیس ہزار روپے تک نقد رقوم فراہم کی گئیں اور بیواؤں، یتیموں اور معذور افراد کو خصوصی سہولتیں دی گئیں۔ بیت المال پنجاب نے مختلف فلاحی اداروں کے ساتھ مل کر مشترکہ امدادی مہمات چلائیں، متاثرہ خاندانوں کے گھروں کی تعمیرِ نو، تعلیم اور روزگار کی بحالی کے منصوبے شروع کیے اور یتیم بچوں کیلئے سوشل ویلفیئر ہومز میں رہائش و تعلیم کا بندوبست کیا۔ دو لاکھ سے زائد خاندانوں کو راشن، ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ افراد کو طبی سہولتیں، بیس ہزار خاندانوں کو نقد امداد اور ہزار سے زائد موبائل ٹیموں نے امداد پہنچا کر محکمہ نے فلاحی ریاست کے تصور کو عملی جامہ پہنایا۔

اگرچہ حکومتِ پنجاب اور پاکستان نے فوری ردِعمل میں شاندار کارکردگی دکھائی لیکن چیلنجز ابھی ختم نہیں ہوئے۔ متاثرہ زمینوں سے پانی کی نکاسی، اگلی فصل کی کاشت اور متاثرہ افراد کی روزگار بحالی کیلئے طویل المدتی پالیسی کی ضرورت ہے۔ ماحولیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں مضبوط بند، جدید نکاسی آب کا نظام اور پیشگی وارننگ سسٹمز کے قیام پر توجہ دینا ناگزیر ہے۔ سیلاب 2025 پنجاب کیلئے ایک بڑی آزمائش تھی لیکن یہ آزمائش ایک نئے باب کی بنیاد بھی بنی۔ عوام نے ہمت نہیں ہاری، حکومت نے ذمہ داری سے کام لیا اور قیادت نے عوام کا ہاتھ تھاما۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب نے دنیا کو یہ دکھایا کہ اگر نیت ٹھیک ہو، عزم مضبوط ہو اور ریاست و عوام ایک صفحے پر ہوں تو بڑی سے بڑی آفات بھی ترقی کے راستے میں رکاوٹ نہیں بن سکتیں۔

(صاحبِ تحریر وزیر سماجی بہبود اور بیت المال پنجاب ہیں)

CS CamScanner

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (P&PR)
15/X/25.
DG (SW&BM)

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس لاہور
WEDNESDAY, OCTOBER 15, 2025

# خصوصی طالبعلموں کو40ہزار ہمت کارڈ جاری ہوں گے

## سوشل ویلفیئر اور سپیشل ایجوکیشن کا اجلاس، طریقہ کار پر دونوں میں مشاورت جاری

## پہلی بار خصوصی افراد کیلئے اقدام، سہیل شوکت، سپیشل طلبہ ہمارا فخر، ثانیہ عاشق

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے، اپنے نمائندے سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال اور سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ خصوصی طلبہ کو40 (باقی صفحہ 5 نمبر31)

### 31 ہمت کارڈ

ہزار ہمت کارڈ جاری کرے گا۔اس فلاحی اقدام کا فیصلہ دونوں محکموں کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور معاونِ خصوصی سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود، سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن محمد خاں رانجھا، شعیب جدون سمیت دیگر شریک ہوئے۔اجلاس میں خصوصی طلبہ کی فلاح و بہبود، ان کے لیے جدید سہولیات کی فراہمی اور دونوں محکموں کے مابین تعاون کے فروغ پر تفصیلی غور کیا گیا۔سہیل شوکت بٹ نے کہا مریم نواز کے دور میں پہلی بار خصوصی افراد اور کمزور طبقات کی بحالی کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، ہمت کارڈ کے اجرا سے خصوصی طلبہ کو معاشی معاونت کے ساتھ باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں گے، محکمہ سوشل ویلفیئر سپیشل ایجوکیشن کے طلبہ کو40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا، طریقہ کار کو حتمی شکل دینے کے لیے دونوں محکموں میں مشاورت جاری ہے۔ثانیہ عاشق نے کہا خصوصی طلبہ ہمارا فخر ہیں، مریم نواز کی قیادت میں خصوصی تعلیم اور فلاح کے شعبے میں انقلابی تبدیلیاں لائی جا رہی ہیں۔

CamScanner

15/10/25

C.O

AD (Pub)

15/10/25

DDCP (PR)

15/10/25

DG (SW&BM)

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 10 قیمت 35 روپے

فون 36367480 تا 83

رجسٹرڈ سی پی ایل 140

جلد 46

بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ 15 اکتوبر 2025ء یکم کاتک 2082ب

شمارہ 361

## سپیشل ایجوکیشن کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کیے جائینگے، سہیل شوکت

لاہور (جنرل رپورٹر، خبر نگار) محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا۔ اس فلاحی اقدام کا فیصلہ دونوں محکموں کے ایک اعلیٰ سطحی مشترکہ اجلاس میں کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور معاونِ خصوصی وزیر اعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر سپیشل ایجوکیشن کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا، اور اس عمل کے طریقہ کار کو حتمی شکل دینے کے لیے دونوں محکموں میں مشاورت جاری ہے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اس سے قبل سپیشل ایجوکیشن کے طلبہ کو 1100 سے زائد الیکٹرک وہیل چیئرز اور الیکٹرک بائیکس فراہم کر چکا ہے۔

CamScanner

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (PAPR)
15/10/25
DG (SW&BM)

روزنامہ
قائداعظمؒ کے فرمان پر شروع ہونے والا پہلا اردو اخبار
DAILY NAWA-I-WAQT LAHORE
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
# نوائے وقت
لاہور
لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
جلد | بدھ، 21 ربیع الثانی 1447ھ، 15 اکتوبر 2025ء، یکم کاتک 2082ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ

## سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز دینگے: سہیل شوکت بٹ

### وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر قیادت پہلی بار خصوصی افراد، کمزور طبقات کی بحالی کے اقدامات کیے جا رہے ہے

لاہور (لیڈی رپورٹر) محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا۔ اس فلاحی اقدام کا فیصلہ دونوں محکموں کے ایک اعلیٰ سطحی مشترکہ اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور معاونِ خصوصی وزیر اعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جاوید اختر محمود، سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن محمد خاں رانجھا، ڈی جی سپیشل ایجوکیشن شعیب جدون سمیت دونوں محکموں کے اعلیٰ افسر شریک ہوئے۔ اجلاس میں خصوصی طلبہ کی فلاح و بہبود، ان کے لیے جدید سہولیات کی فراہمی، اور دونوں محکموں کے مابین تعاون کے فروغ پر تفصیلی غور کیا گیا۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے دور حکومت میں پہلی بار خصوصی افراد اور کمزور طبقات کی بحالی کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہمت کارڈ کے اجراء سے خصوصی طلبہ کو معاشی معاونت کے ساتھ باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں گے۔

## پنجاب سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے زیر تربیت افسروں کا دورہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی

لاہور (نامہ نگار) سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ کے زیر تربیت افسران کے وفد نے سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد میں انڈکشن کورس کے 25 افسران کے علاوہ فیکلٹی ممبران بھی شامل تھے۔ وفد کو چیف ایڈمنسٹریشن آفیسر عمارہ اطہر نے سیف سٹی کے وژن، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور شہریوں کی سکیورٹی کیلئے جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ سیف سٹی کا جدید کیمرہ نیٹ ورک، کمیونیکیشن سسٹم اور انٹیگریٹڈ آپریشنز پلیٹ فارم صوبے بھر میں امن و امان کے قیام میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (P&PR)
15/10/25
DG (SW&BM)

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ لاہور

# مشرق

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ 15 اکتوبر 2025ء 31 اسوج 2082ب صفحات:10 قیمت:30 روپے | شمارہ: 205



لاہور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور ثانیہ عاشق طلبہ کو ہمت کارڈز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

## پہلی بار خصوصی افراد، کمزور طبقات کی بحالی کیلئے تاریخی اقدامات جاری ہیں

سہیل شوکت بٹ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر خصوصی طلبہ کیلئے 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کئے جائینگے، وزیر سوشل ویلفیئر

معاون خصوصی سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق کیساتھ اجلاس کی صدارت، سیکرٹری جاوید اختر محمود و دیگر افسران شریک

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کریگا۔ اس فلاحی اقدام کا فیصلہ دونوں محکموں کے ایک اعلیٰ سطحی مشترکہ اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جاوید اختر محمود، سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن محمد خان رانجھا، ڈی جی سپیشل (باقی صفحہ 7 قیہ نمبر 26)

## ہمت کارڈز کی تقسیم کا دائرہ پنجاب بھر میں پھیلائینگے: سیف کھوکھر

نواز شریف کے عوامی خدمت کے وژن پر عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور

لاہور (اپنے رپورٹر سے) مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز پر تنقید کرنے والے اپنی کارکردگی سے مقابلہ کریں کیونکہ تنقید سے ترقی نہیں ہوتی، مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے عوامی خدمت کے وژن پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کھوکھر پیلس لاہور میں حلقہ این اے 126 کے خصوصی افراد میں ہمت کارڈز کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اقدامات قابل تحسین ہیں، آج پنجاب دوسرے صوبوں سے بہت آگے نکل چکا ہے، ان شاء اللہ ہمت کارڈز کی تقسیم کا دائرہ کار پورے پنجاب میں پھیلایا جائے گا تاکہ خصوصی افراد باعزت زندگی گزار سکیں، ہمارا مقصد عوام کی خدمت اور کمزور طبقوں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری قیادت عوام کی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DDC(P&PR)
15/10/25
DG (SW&BM)


چیف ایڈیٹر محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر نوید چوہدری
DAILY 42 LAHORE
ABC Certified
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
بدھ 15 اکتوبر 2025ء، 21 ربیع الثانی 1447ھ، 31 اسوج 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے


# خصوصی بچوں کو بھی ہمت کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ

## سہیل شوکت بٹ کی سیکرٹری سوشل ویلفیئر کو سمری بھیجنے کی ہدایت

لوئر مال ( قیصر کھوکھر ) خصوصی بچوں کو بھی ہمت کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ، صوبائی وزیر سماجی بہبود سہیل شوکت بٹ کی زیر صدارت اجلاس، سیکرٹری سوشل ویلفیئر کو ہمت کارڈ کے اجراء کیلئے سمری بھیجنے کی ہدایت کر دی۔ اجلاس میں سیکرٹری

(باقی صفحہ 7 بقیہ 58)



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور معاون خصوصی ثانیہ عاشق سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو ہمت کارڈز جاری کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بقیہ 58 ہمت کارڈ

سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود، سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن محمد خان رانجھا سمیت دیگر نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سپیشل بچوں کو ہمت کارڈ دینے کی پہلے ہی منظوری دے چکی ہیں۔ خصوصی بچوں کو ہمت کارڈ دینے کی سمری اب ارسال ہوگی۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود کو کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔

CamScanner

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DDC (PR)
15/X/25
DG (SW&BM)

لاہور، کراچی، اسلام آباد، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، پشاور، گلگت بلتستان، فرینکفرٹ اور لندن سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 27 | بدھ، 21 ربیع الثانی 1447ھ، 15 اکتوبر 2025ء، 31 اسوج 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 337

# محکمہ سوشل ویلفیئر سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کریگا

## سہیل شوکت اور معاونِ خصوصی ثانیہ عاشق کی زیر صدارت اجلاس، دونوں محکموں کے مابین تعاون کے فروغ پر غور

## ہمت کارڈ سے خصوصی طلبہ کو معاشی معاونت کیساتھ باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں گے، صوبائی وزیر

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا۔ دونوں محکموں کا مشترکہ، صدارت صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور معاونِ خصوصی وزیر اعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔ خصوصی طلبہ کی فلاح و بہبود، ان کے لیے جدید سہولیات کی فراہمی، اور دونوں محکموں کے مابین تعاون کے فروغ پر تفصیلی غور کیا گیا۔ سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ ہمت کارڈ کے اجرا سے خصوصی طلبہ کو معاشی معاونت کے ساتھ باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ ثانیہ عاشق نے کہا کہ "خصوصی طلبہ ہمارا فخر ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر دونوں محکموں نے خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ اقدامات کے تسلسل کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور معاون خصوصی ثانیہ عاشق سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو ہمت کارڈز جاری کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD(P&PR)
15/10/25
DG (SW&BM)

روزنامہ پاکستان لاہور
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی
THE DAILY PAKISTAN LAHORE
ایڈیٹر: عمر مجیب شامی
رجسٹرڈ
جلد 36 | بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ، 15 اکتوبر 2025ء، یکم کاتک 2082 ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 215

# محکمہ سوشل ویلفیئر طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈ جاری کرے گا

**وزیر اعلیٰ مریم نواز کے دور میں پہلی بار خصوصی افراد اور کمزور طبقات کی بحالی کیلئے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر**

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا۔ اس فلاحی اقدام کا فیصلہ دونوں محکموں کے ایک اعلیٰ سطحی مشترکہ اجلاس میں کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور معاونِ خصوصی وزیر اعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جاوید اختر محمود، سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن محمد خاں رانجھا، ڈی جی سپیشل ایجوکیشن شعیب جدون سمیت دونوں محکموں کے اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے دورِ حکومت میں پہلی بار خصوصی افراد اور کمزور طبقات کی بحالی کے لئے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہمت کارڈ کے اجراء سے خصوصی طلبہ کو معاشی معاونت کے ساتھ باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر سپیشل ایجوکیشن کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا، اور اس عمل کے طریقہ ؟ کار کو حتمی شکل دینے کے لئے دونوں محکموں میں مشاورت جاری ہے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اس سے قبل سپیشل ایجوکیشن کے طلبہ کو 1100 سے زائد الیکٹرک وہیل چیئرز اور الیکٹرک بائیکس فراہم کر چکا ہے، جب کہ مزید معاون آلات کی فراہمی کے لئے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ معاونِ خصوصی ثانیہ عاشق نے کہا کہ خصوصی طلبہ ہمارا فخر ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں خصوصی تعلیم اور فلاح کے شعبے میں انقلابی تبدیلیاں لائی جا رہی ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر دونوں محکموں نے خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لئے مشترکہ اقدامات کے تسلسل کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

CamScanner

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (PPR)
15/10/25.
DS (SW & BM)

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمٰن

جلد | بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ 15 اکتوبر 2025ء یکم کاتک 2082ب | صفحات 8 | قیمت 35 روپے | شمارہ

## خصوصی طلبہ کیلئے 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کیے جائیں گے

لاہور (جنرل نیوز رپورٹر سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کو 40 ہزار ہمت کارڈز جاری کرے گا۔ اس فلاحی اقدام کا فیصلہ دونوں محکموں کے ایک اعلیٰ سطحی مشترکہ اجلاس میں کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اور معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے سپیشل ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے کی۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ "وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے دور حکومت میں پہلی بار خصوصی افراد اور کمزور طبقات کی بحالی کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہمت کارڈ کے اجرا سے خصوصی طلبہ کو معاشی معاونت کے ساتھ باوقار زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں گے۔

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD(P&PR)
15/X/25.
DG (SW&BM)


لاہور، راولپنڈی، مظفرآباد، میرپور اور پشاور سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

چیف ایڈیٹر
جمیل اطہر قاضی


THE DAILY
JUR'AT
LAHORE

لاہور
پاکستان

روزنامہ
# جرأت

ایڈیٹر: عرفان اطہر قاضی

جلد 35 | بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ 15 اکتوبر 2025ء یکم کاتک 2082ب / رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل 249 | شمارہ 282

لاہور، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ، ثانیہ عاشق ہمت کارڈ سے متعلق مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

15/10/25

C.O

AD (Pub)

15/10/25

DDC (PAPR)

15/X/25

DG (SW&BM)

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 224 | بدھ، 21 ربیع الثانی، 15 اکتوبر 2025ء، 30 اسوج، صفحات 12 قیمت 40 روپے

# سوشل ویلفیئر کے زیرِ تربیت افسروں کا دورہ سیف سٹیز اتھارٹی

## چیف ایڈمنسٹریشن آفیسر نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور جاری منصوبوں پر بریفنگ دی

لاہور (سپیشل رپورٹر) پنجاب سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ تربیت افسران کے وفد نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد میں انڈکشن کورس کے 25 افسران کے علاوہ فیکلٹی ممبران بھی شامل تھے۔ چیف ایڈمنسٹریشن آفیسر عمارہ اطہر نے وفد کو سیف سٹی کے وژن، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور شہریوں کی سیکیورٹی کیلئے جاری منصوبوں پر بریفنگ میں بتایا کہ سیف سٹی کا جدید کیمرہ نیٹ ورک، کمیونیکیشن سسٹم اور انٹیگریٹڈ آپریشنز پلیٹ فارم صوبے بھر میں امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اس موقع پر آپریشن کمانڈر محمد شفیق چوہدری نے وفد کو اتھارٹی کے مختلف شعبوں آپریشنز مانیٹرنگ سینٹر، ایمرجنسی ہیلپ لائن 15، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن، ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی اور ورچوئل بلڈ بینک کا دورہ کروایا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ سیف سٹی نے خصوصی افراد کے تحفظ اور فوری رسپانس کیلئے پبلک سیفٹی ایپ متعارف کروائی ہے، جس کے ذریعے قوتِ گویائی سے محروم یا خصوصی شہری بھی باآسانی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے عناصر کی نشاندہی اور کارروائی کیلئے سیف سٹی کے جدید کیمرے اور اینالیٹکس سسٹم موثر کردار ادا کر رہے ہیں۔

CamScanner

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (P&PR)
15/10/25.
DG (SW & BM)


The Daily 92 News
786/92
روزنامہ 92 نیوز لاہور
بانی: میاں محمد رشید
ایڈیٹر انچیف: میاں حسن احمد
WEDNESDAY, OCTOBER 15, 2025


## پنجاب سوشل ویلفیئر کے زیر تربیت افسروں کا سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ کے زیر تربیت افسران کے وفد نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد میں انڈکشن کورس کے 25 افسران کے علاوہ فیکلٹی ممبران بھی شامل تھے۔ وفد کو چیف ایڈمنسٹریشن آفیسر عمارہ اطہر نے سیف سٹی کے وژن، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور شہریوں کی سیکیورٹی کے لیے جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ سیف سٹی کا جدید کیمرہ نیٹ ورک، کمیونیکیشن سسٹم اور انٹیگریٹڈ آپریشنز پلیٹ فارم صوبے بھر میں امن و امان کے قیام میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔

15/10/25
C.O
AD (Pub)
15/10/25
DD (P/PR)
15/X/25.
DG (SW & BM)


بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

Daily KHABRAIN

روزنامہ خبریں لاہور

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 35 | بدھ 21 ربیع الثانی 1447ھ 15 اکتوبر 2025ء یکم کاتک 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 82


## زیرِ تربیت افسران کے وفد کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ

### وفد میں انڈکشن کورس کے 25 افسران کے علاوہ فیکلٹی ممبران بھی شامل تھے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ کے زیر تربیت افسران کے وفد نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد میں انڈکشن کورس کے 25 افسران کے علاوہ فیکلٹی ممبران بھی شامل تھے۔ تفصیلات کے مطابق وفد کو چیف ایڈمنسٹریشن آفیسر عمارہ اطہر نے سیف سٹی کے وژن، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور شہریوں کی سیکیورٹی کے لیے جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔